# CANTONMENT BOARD MANORA

40 Qasim Road, Manora Cantt, Karachi
Ph:021-99232156, Email: cbmanora75@gmail.com
Website: manora.cantonment.gov.pk

CANTT BOARD MANORA

CBCARE
Citizens Assistance & Rapid Execution
At Your Service

No. CBM/ Contracts/ 2024-25/ Adv/ 3015 Dated: 12 June, 2024

To,

**The Deputy Director,**
Press Information Department,
Regional Office, Karachi.

Subject: **PUBLICATION OF AUCTION NOTICE – CANTT BOARD MANORA.**

Please arrange to publish the attached Auction Notice in 02x National Newspapers (English & Urdu) on or before 14-06-2024 (One insertion only). The notice may be conveyed in minimum space.

2. Please also furnish tear-sheets of the relevant newspaper after publication for our record.

**Executive Officer**
Manora Cantonment

Copy to:-

1. Public Procurement Regulatory Authority (PPRA). 1st Floor, FBC Building, Sector G-5/2, Near State of Pakistan, Islamabad. — With the request to upload the attached advertisement in the PPRA website
2. Master file

# دفتر کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ

## دوبارہ نیلام عام برائے ٹھیکہ

## (تین مالی سال 25-2024 تا 27-2026)

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ اپنی حدود میں تین مالی سال برائے 25-2024' 26-2025 اور 27-2026 کے لئے سالانہ بولی کا دس (10) فیصد اضافہ کے ساتھ مندرجہ ذیل ٹھیکہ بورڈ کے منظور شدہ شرح کے مطابق وصولی کے حقوق کا نیلام عام مورخہ 20 جون 2024 بوقت 03:00 بجے بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ میں منعقد کرے گا۔ مذکورہ نیلامی مقررہ تاریخ یا وقت پر نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ 21 جون 2024 اور سہ بارہ مورخہ 24 جون 2024 کو مقررہ وقت پر دفتر ھذا میں منعقد ہوگی۔

## نیلامی کے چند شرائط و ضوابط

(۱) نیلامی کا آغاز سرکاری بولی سے کیاجائے گا جس کا موقع پر اعلان کیا جائے گا۔

(۲) نیلامی سے ایک دن قبل بولی دھندگان بنک ڈرافٹ/ پے آرڈر بنام ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ بطور ضمانت (قابل واپسی) بمعہ FBR , C.N.I.C کا انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ, بینک اکاؤنٹ سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ کاپیاں دفتر ھذا میں جمع کروانے کے پابند ہونگے۔

(۳) بولی میں حصہ لینے کیلئے خواہشمند حضرات بنک ڈرافٹ /پے آرڈر/ماہانہ قسطوں کے ایڈوانس چیکس (بولی دہندہ کے اپنے نام کے اکاؤنٹ / کمپنی کے) بنام ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ بطور ضمانت (قابل واپسی) قبل از بولی جمع کروانے کے پابند ہونگے۔ جوکہ ماسوائے پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کامیاب بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کردیا جائے گا۔

(۴) کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر چوبیس گھنٹوں کے اندر بولی کا 25% فیصد بذریعہ ڈیمانڈ ڈرافٹ/پے آڈر اور بولی دہندہ کے اپنے نام کے اکاؤنٹ / کمپنی کے ماہانہ قسطوں کے ایڈوانس چیکس کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر منوڑہ کینٹ کے نام جمع کروانے کا پابند ہوگا اورکوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا بصورت دیگر جمع شدہ زرضمانت/زربیعانہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلیا جائے گا اور بولی دہندہ کسی بھی قانونی کارروائی کا مجاز نہ ہوگا۔

(۵) کوئی بھی ایسا شخص یا ادارہ جو کسی بھی صورت میں کینٹ بورڈز / سرکاری ادارہ کے نا دہندہ ہونگے بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے اور بولی میں حصہ لینے سے قبل کسی بھی کینٹ بورڈ/ سرکاری ادارہ کا نادہندہ نہ ہونے کا ایک عدد حلف نامہ جمع کرائے گا۔

(۶) بولی دہندگان بذات خود یا اپنے رجسٹرڈ قانونی مختارنامہ کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(۷) کامیاب بولی دہندہ بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی ماہانہ قسط ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ہر صورت میں جمع کروانے کا پابند ہوگا اور بولی کی کل رقم کے مساوی 36 یا سہ ماہی 12 چیکس ایڈوانس کی صورت میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں مہینے کی 10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ کیا جاسکتا ہے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کا تمام حرج و خرچ ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا۔

12/6/2024.

(۸) کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس اور دیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

(۹) کامیاب بولی دہندہ بورڈ / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے سات(7) یوم کے اندر اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

(۱۰) بولی دہندگان کو کینٹونمنٹ بورڈ کے دیگر انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت کی اجازت نہیں ہوگی۔

(۱۱) کامیاب بولی دہندہ ٹول ٹیکس / فیس کینٹ بورڈ منوڑہ کے منظور شدہ ریٹس پر وصول کرنے کے پابند ہوگا، کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اس کے علاوہ خلاف ورزی کرنے والے کی تمام جمع شدہ رقم / سیکیورٹی بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

| نمبر شمار: | تفصیل ٹھیکہ: | سیکورٹی/ زرضمانت (قابل واپسی) (Rs.) |
|---|---|---|
| 1- | منوڑہ ٹول بیریئر | 2,500,000 |

(۱۲) زیر دستخطی/ کینٹونمنٹ بورڈ کا اختیار محفوظ ہے کہ وہ بغیر وجہ بیان کیے کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرسکتا ہے۔

(۱۳) کوئی بھی ایسا شخص یا اس کا پارٹنر کمپنی/ادارہ جو کینٹونمنٹ بورڈز کے خلاف مقدمہ بازی میں ملوث ہو وہ بولی میں شریک ہونے کا اہل نہیں ہے۔

(۱۴) اشتہار پیپرا (www.ppra.org.pk) اور کینٹ بورڈ منوڑہ (www.manora.cantonment.gov.pk) کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

مزید شرائط و ضوابط کی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر

ایگزیکٹیو آفیسر

منوڑہ کنٹونمنٹ